شائع کرنے میں غیر معمولی تاخیر کر دی۔ اگر یہ بروقت شائع ہو جاتی تو دوسرے ایڈیشن کے موقع پر اس میں وقت کے لحاظ سے مناسب تبدیلیاں کی جا سکتی تھیں۔

یہ وہ دو چیزیں ہیں جو ہم نے محسوس کی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود یہ بات بلا خوفِ تردید کی جا سکتی ہے۔ کہ آج تک انگریزی زبان میں جتنے مشروح تراجم شائع ہوئے ہیں۔ ان میں سب سے بہترین اور سب سے زیادہ قابلِ اعتماد ترجمہ یہی ہے۔

فاروق العزیز | تالیف: ابو الفاروق عبید اللہ صاحب ملتانی۔ ناشر: ادارہ احیاء السنۃ ملتان صفحات ۴۷۳۔ قیمت مجلد چھ روپے۔

فاروق العزیز ایک ہونہار نوجوان تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے دینی ذوق اور استعداد عطا فرمائی تھی۔ ان کے دل میں اشاعت دین کے لیے ایک گہری تڑپ تھی اور یہی تڑپ انہیں ہمیشہ بے چین رکھتی۔ اسی کی بدولت وہ تبلیغی جماعت سے وابستہ ہوئے اور بالآخر اسی راہ میں اپنے وطن، اور اعزاو اقارب سے دور جان جان آفرین کے سپرد کی۔ اور عین شباب میں بلکہ شباب کے آغاز ہی میں اپنے خالق سے جا ملے۔

اپنے نوجوان اور صالح بیٹے کی وفات پر باپ کا متاثر ہونا بالکل ایک فطری امر ہے مگر صاحب ایمان باپ نے دل بہلانے کے لیے بھی وہ طریقہ اختیار کیا جس میں تسکین بھی تھی اور خدمتِ دین بھی۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں انہوں نے دعوت و تبلیغ کی سیر دہ صد سالہ روداد بیان فرمائی ہے۔ اسلوبِ نگارش میں ایک دلکشی اور سوز ہے جو قاری کے دل کو شدید طور پر متاثر کرتا ہے۔ کتاب کے آخری حصہ میں فاروق العزیز مرحوم کی زندگی کے مختصر حالات اور اُس کے خطوط درج ہیں جن کے مطالعہ سے ایک انسان جس میں ایمان کی کوئی رمق موجود ہو، بہت کچھ کام کی باتیں سیکھ سکتا ہے۔

پوری کتاب اس قابل ہے کہ اُس کا مطالعہ کیا جائے۔ معیارِ کتابت اور طباعت گوارا ہے۔

خدیجہ رضی اللہ عنہا | تالیف: محترمہ ثبینہ توفیق مصری۔ ترجمہ: شیخ محمد احمد پانی پتی۔ ناشر: مرکز اشاعت رام گلی نمبر ۴۔ برانڈرتھ روڈ۔ لاہور۔ صفحات ۱۱۱ قیمت ۲ روپے۔ طباعت